اس کتاب میں مصنف نے حدیث وسنت کے مطابق عید کا دن منانے کا تفصیلی پروگرام بتایا ہے کہ اس موقعے پر کون کون سے کام مسنون اور مستحب ہیں۔ کتاب کو 28 عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے' ہر عنوان پر سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے اور مستند معلومات مہیا کی گئی ہیں۔ عید کی نماز کا طریقہ مسلک اہل حدیث کے مطابق پہلی رکعت میں سات اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیرات کے ساتھ بتایا گیا ہے جس کی تائید میں سنت رسول ﷺ اور عمل صحابہؓ سے دلائل دیئے گئے ہیں۔

عید کے دن کا مکمل پروگرام اور کرنے کے تمام کام اس کتاب میں بڑی جامعیت کے ساتھ بتا دیئے گئے ہیں۔ اس کتاب کے مطالعے کے بعد یومِ عید کے بارے میں کسی استفسار کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ سادگی کے ساتھ عیدین کے تمام مسائل یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ یوں ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہے تاکہ وہ عید کا دن مسنون اور مستند اعمال کے ساتھ گزار سکے۔

کتاب کے آخر میں عیدین کے مسائل کا خلاصہ لکھ دیا گیا ہے تاکہ تھوڑے وقت میں تمام ضروری معلومات فراہم ہو جائیں۔ کتاب بڑی محنت سے تیار کی گئی ہے۔ جا بجا حوالہ جات دیئے گئے ہیں جس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔

خوبصورت ٹائٹل' دلکش کمپوزنگ اور صحت لفظی نے حسن باطنی کے ساتھ ساتھ حسن ظاہری کو بھی دوبالا کر دیا ہے۔ قیمت بھی مناسب ہے۔

(۳)

نام مجلّہ	:	ماہنامہ محدث۔ اشاعتِ خاص فتنہ انکارِ حدیث
مدیر اعلیٰ	:	حافظ عبدالرحمٰن مدنی
ضخامت	:	284 صفحات
قیمت	:	100 روپیہ
ملنے کا پتہ	:	اسلامک ریسرچ کونسل' 99۔ جے' ماڈل ٹاؤن لاہور

''محدث'' صحیح عقائد اور اسلام کی ٹھوس تعلیمات کی تبلیغ و اشاعت کا ایک باوقار